Department of the Treasury - Internal Revenue Service

# ورچوئل VITA/TCE ٹیکس پیئر کانسینٹ

فارم **14446**
(نومبر 2023)

یہ فارم اس وقت درکار ہوتا ہے جب یا تو انٹیک/انٹرویو اور/یا معیار کا جائزہ ٹیکس دہندہ اور VITA/TCE رضاکار کے درمیان ذاتی طور پر نہیں لیا جاتا ہے۔ سائٹ کو ٹیکس دہندگان کو ٹیکس دہندگان کی واپسی کی تیاری کے لیے استعمال ہونے والے عمل کی وضاحت کرنی چاہیے۔ اگر قابل اطلاق ہو تو، رضاکاروں کو ٹیکس دہندگان کو ان کے ڈیٹا کو ایک سائٹ کے مقام سے دوسری سائٹ پر منتقل کرنے کے متعلقہ خطرے کے بارے میں مشورہ دینا چاہیے۔

## حصہ اول - VITA/TCE سائٹ کے ذریعے مکمل کیا جائے:

سائٹ کا نام

سائٹ کا پتہ (گلی، شہر، ریاست، زپ کوڈ)

| | |
|---|---|
| سائٹ کا شناختی نمبر (SIDN) | سائٹ کوآرڈینیٹر کا نام |
| سائٹ کے رابطے کا نام | سائٹ سے رابطہ کا ٹیلیفون نمبر |

**آپ کا ٹیکس ریٹرن تیار کرنے کے لیے یہ سائٹ مندرجہ ذیل VITA/TCE ورچوئل طریقے استعمال کر رہی ہے:**

☐ **A. ڈراپ آف سائٹ:** یہ سائٹ، ڈراپ آف پروسیس کو استعمال کرتی ہے، جس میں قابل شناخت ذاتی معلومات (سوشل سیکورٹی نمبرز، فارم W-2، وغیرہ) کو منظم رکھنا شامل ہے، تاکہ اسی سائٹ پر ٹیکس ریٹرن تیار کیا جا سکے، لیکن بعدازاں کسی وقت میں۔ اس پروسس (عمل) میں، متعلقہ معیاری جائزے اور/یا مکمل ٹیکس ریٹرن پر دستخط کرنے کے لیے، متعلقہ ٹیکس پیئر کو اسی سائٹ پر واپس آنا ہوگا۔ اگر اضافی معلومات کی ضرورت ہو، تو اس سائٹ پر ٹیکس پیئر سے رابطہ کرنے سے متعلق طریقہ کار کی وضاحت لازماً ہونی چاہیے۔

**نوٹ:** ایسی سائٹس جہاں ٹیکس دہندہ اپنی سائٹ کی پراپرٹی سے باہر نہیں نکلتا، مثلاً کسی دوسرے کمرے میں یا کسی گاڑی میں انتظار کرنے کو، ڈراپ آف سائٹس نہیں سمجھا جاتا۔ چونکہ ٹیکس دہندہ ایسی ہی سائٹ پر رہتا ہے، ان کے لیے فارم 14446 مکمل کرنا ضروری یا مطلوب نہیں ہوتا۔ اگر ٹیکس دہندہ اپنے ٹیکس دستاویزات مخصوص سائٹ پر چھوڑ دیتا ہے اور پھر کسی بھی وجہ سے اس سائٹ سے چلا جاتا ہے، تو ٹیکس دہندہ کو فارم 14446 لازماً مکمل کرنا ہوگا۔

☐ **B. ان-ٹیک سائٹ:** اس میتھڈ (طریقہ کار) میں ٹیکس پیئر کا اپنی قابل شناخت ذاتی معلومات (سوشل سیکورٹی نمبرز، فارم W-2 اور دیگر دستاویزات) سائٹ پر چھوڑنا شامل ہے، تاکہ کسی دیگر مقام پر ٹیکس ریٹرن کی تیاری اور/یا معیاری جائزہ لیا جاسکے۔ اس پروسس (عمل) میں، ٹیکس پیئر کے ٹیکس ریٹرن کی معلومات درج ذیل وجوہات میں سے کسی ایک یا زائد کی وجہ سے امکانی طور پر دیگر مقام پر بھیجی جا سکتی ہیں؛ جیسا کہ ٹیکس پیئر کا انٹرویو لینا، ٹیکس ریٹرن کی تیاری کرنا، یا معیاری جائزہ لینا۔ کوالٹی ریویو (معیاری جائزہ) کے لیے، ٹیکس پیئر انٹیک سائٹ پر واپس آ سکتا ہے یا مکمل ٹیکس ریٹرن پر نظرثانی اور دستخط کر سکتا ہے۔

☐ **C. صرف ریٹرن کی تیاری اور/یا کوالٹی ریویو (معیاری جائزہ) کی سائٹ:** یہ سائٹ کسی ایک یا زائد انٹیک سائٹوں سے ریٹرن وصول کر سکتی ہے تاکہ ریٹرن تیار اور/یا کوالٹی ریویو کر سکے۔ یہ سائٹ عموماً دیگر ٹیکس پیئرز سے ان کے مقام پر واک-ان یا اپائنمنٹس نہیں لیتی۔

☐ **D. کامبینیشن سائٹ (مجموعہ سائٹ)** یہ سائٹ، دیگر مستقل یا عارضی انٹیک سائٹس کے لیے ریٹرن تیار کرتی ہے اور ان کے مقامی محل وقوع پر ہی واک-ان اور طے شدہ ملاقات کے لیے مدد کرتی ہے۔

☐ **E. 100% ورچوئل VITA/TCE پروسس:** یہ طریقہ کار (پروسیس) ٹیکس پیئر اور VITA/ TCE کے کسی بھی رضاکاران کے ساتھ نو-ان-پرسن (بنا کوئی ملاقات کئے) انٹیک، انٹرویو، ریٹرن کی تیاری، کوالٹی ریویو اور ٹیکس ریٹرن پر دستخط کرنے پر مشتمل ہوتا ہے۔ اس سائٹ کو لازماً متعلقہ پروسس (عمل) اور رضامندی کی وضاحت کرنا ہوگی۔ اس میں ایک سیکیورڈ فائل شیئرنگ سسٹم کے ذریعہ مطلوبہ دستاویزات (سوشل سیکورٹی نمبرز، فارم W-2 اور دیگر دستاویزات) کو ارسال کرنے کے ورچوئل پروسیجرز (غیر طبعی طریقہ کار) شامل ہیں، تاکہ جائزہ کے لیے اس کو کسی نامزد رضاکار کے حوالے کیا جا سکے۔

**پارٹ II (حصہ دوم): سائٹس کا پروسس (عمل):**

وضاحت کریں کہ ٹیکس پیئرز کو دوردراز طور پر مدد کرنے کے لیے ہر عمل کی کیسے پیروی کی جائے گی۔ ذیل میں قوسین میں موجود سوالات اس بارے میں رہنمائی فراہم کرتے ہیں کہ ہر عمل کی وضاحت میں کیا شامل کیا جائے۔ سائٹ کس طرح منظم کرے گی:

1. ملاقات کا وقت طے کرنا (ملاقات کیسے کی جاتی ہے: فون، آن لائن پورٹل، ای میل، یا دوسرے ذرائع سے)

2. ٹیکس پیئر کونسینٹ ایگریمنٹ (رضامندی کا معاہدہ) محفوظ کرنا (14446 پر دستخط، وصولی اور جمع کیسے کیا جاتا ہے)

3. انٹیک پروسس کو انجام دینا تمام دستاویزات کو محفوظ کرنا (ٹیکس دہندگان کی معاون دستاویزات کیسے موصول، ذخیرہ اور ٹریک کی جاتی ہیں)

4. ٹیکس دہندگان کی تصدیق کی توثیق کرنا - تصویر کی شناخت اور سوشل سیکورٹی کارڈز/ITIN خطوط کا جائزہ لینا (ٹیکس دہندگان کی شناخت کی توثیق کرنے کے لیے کون سا مواصلاتی چینل استعمال کیا جاتا ہے اور کن دستاویزات کا جائزہ لیا جاتا ہے)

5. ٹیکس دہندہ کے ساتھ انٹرویو کرنا (انٹرویو کرنے کے لیے کون سا مواصلاتی چینل، روبرو یا آن لائن استعمال کیا جاتا ہے)

6. ٹیکس ریٹرن کی تیاری کرنا (ٹیکس ریٹرن کہاں تیار کیا جاتا ہے اور تیاری کرنے والا دستاویزات تک کیسے رسائی کیسے حاصل کرتا ہے)

7. ٹیکس دہندہ کے ساتھ بات چیت کرنا (اگر اضافی معلومات کی ضرورت ہو تو سائٹ کو اس طریقہ (طریقوں) کی وضاحت کرنی چاہیے جو وہ ٹیکس دہندہ سے رابطہ کرنے کے لیے استعمال کرتی ہے)

8. معیار کا جائزہ لینا (ٹیکس ریٹرن کا جائزہ کہاں لیا جاتا ہے اور جائزہ لینے والے دستاویزات تک کیسے پہنچتے ہیں)

9. مکمل شدہ ریٹرن کا اشتراک کرنا (مکمل ریٹرن کو شیئر کرنے کے لیے کون سا مواصلاتی چینل، روبرو یا آن لائن استعمال کیا جاتا ہے اور رضاکار اور/یا ٹیکس دہندہ مکمل ریٹرن تک کیسے رسائی حاصل کرتا ہے)

10. ریٹرن پر دستخط کرنا (کیا ٹیکس دہندہ ریٹرن پر ذاتی طور پر دستخط کرتا ہے یا الیکٹرانک طور پر اور اگر الیکٹرانک طور پر کرتا ہے، تو ریٹرن پر دستخط کرنے کے لیے کون سا سافٹ ویئر استعمال کیا جاتا ہے)

11. ٹیکس ریٹرن کو ای فائل کرنا (ریٹرن کب ای فائل کیا جاتا ہے: فوری طور پر یا دن کے آخر میں)

**اس فارم کا صفحہ تین دیگر تمام ضروری دستاویزات کے ساتھ اس سائٹ پر منظم رکھا جائے گا۔**

## پارٹ III (حصہ سوم): ٹیکس پیئر کانسینٹس (رضامندی نامے):

**تصحیح کے لیے اپنے ٹیکس ریٹرن کا جائزہ لینے کی درخواست:**

معیاری خدمات اور وولنٹیئر سائٹ پر بالکل درست طور سے تیار کردہ ٹیکس ریٹرن کی وصولی کو یقینی بنانے کے لیے، IRS ملازمین بنا ترتیب جائزہ لینے کے لیے فری ٹیکس پریپیریشن (تیاری) کی سائٹس منتخب کرتے ہیں۔ اگر غلطیوں کی نشاندہی کی جائے، تو سائٹ کو ضروری اصلاحات کرنا ہوں گی۔ IRS آپ کی ریویو کردہ ٹیکس ریٹرن سے کوئی ذاتی معلومات اپنے پاس نہیں رکھتا اور اس طرح بالکل درست طریقے سے تیار کردہ ٹیکس ریٹرنز کے لیے ہمارے VITA/TCE ریٹرن کی تیاری کے پروگراموں سے موازنہ کرنا ان کے لیے ممکن ہوتا ہے۔ اگر آپ اپنے ریٹرن کو ریویو پروسس کے حصہ کے طور پر شامل نہیں کرنا چاہیں تو ایسا کرنا، اس سائٹ پر آپ کو فراہم کی جانے والی خدمات کو متاثر نہیں کرے گا۔ اگر ریٹرن تیار کرنے والی یہ سائٹ منتخب کی گئی ہے، تو کیا آپ تصحیح کے لیے IRS ایمپلائی کی جانب سے آپ کے ریٹرن پر جائزہ لینے پر رضامند ہیں؟

☐ ہاں ☐ نہیں

**ورچوئل کانسینٹ ڈسکلوژر:**

اگر آپ اپنا ٹیکس ریٹرن تیار کروانے اور اپنے ٹیکس دستاویزات کو مذکورہ بالا طریقے سے سنبھال لیے جانے سے متفق ہوں تو اس دستاویز پر آپ کے دستخط اور/یا معاہدہ مطلوب ہوگا۔ اس دستاویز پر دستخط کرنے کا مطلب یہ ہوگا کہ آپ اپنے ٹیکس ریٹرن کی تیاری کے لیے مذکورہ بالا پروسیجر (طریقہ کار) سے اتفاق کر رہے ہیں۔ (اگر یہ ایک میریڈ فائلنگ جوائنٹ ریٹرن ہے تو دونوں میاں بیوی کو اس دستاویز پر دستخط کرنے ہوں گے اور تاریخ ڈالنی ہوگی۔) اگر آپ اس فارم پر دستخط نہ کرنا منتخب کریں گے، تو شاید ہم اس پروسس (طریقہ عمل) کو استعمال کرتے ہوئے آپ کا ٹیکس ریٹرن تیار نہ کرسکیں۔ جیسا کہ ہم آپ کے ٹیکس ریٹرن کو ورچوئل طریقہ پر تیار کر رہے ہیں، لہٰذا ہمیں اس عمل سے اتفاق کرتے ہوئے آپ کے رضامندی نامہ کو محفوظ کرنا ہوگا۔ اگر آپ اپنے ٹیکس ریٹرن کی معلومات کو انکشاف کرنے یا استعمال کرنے کے لیے غیر IRS ایسے ورچوئل سسٹمز کو استعمال کرنے پر رضامند ہوں، تو وفاقی قوانین آپ کے ٹیکس ریٹرن کی معلومات کو مزید استعمال یا تقسیم ہونے سے محفوظ نہیں رکھ سکتا اگر ہمارے علم میں آئے بغیر ان سسٹمز کو ہیک کر لیا جائے یا توڑ دیا جائے۔ اگر آپ اپنے ٹیکس ریٹرن کی معلومات کے انکشاف سے اتفاق کرتے ہوں، تو آپ کی رضامندی اس مدّت تک کے لیے درست ہے جس کی آپ وضاحت کرتے ہیں۔ اگر آپ اپنی رضامندی کی مدت کی وضاحت نہیں کرتے، تو آپ کی رضامندی نامہ پر دستخط کی تاریخ سے ایک سال تک کے لیے ویلڈ (درست) ہے۔ اگر آپ کو یقین ہو کہ آپ کے ٹیکس ریٹرن کی معلومات کو ظاہر کیا گیا ہے یا غیر قانونی طور پر آپ کی اجازت کے بغیر یا ناجائز طور پر استعمال کیا گیا ہے، تو آپ ٹریژری انسپکٹر جنرل برائے ٹیکس ایڈمنسٹریشن (TIGTA) سے ٹیلی فون نمبر 4484-366-800-1 پر رابطہ کر سکتے ہیں۔ یا ای-میل complaints@tigta.treas.gov پر شکایت کرسکتے ہیں۔
اگرچہ وولنٹیئر انکم ٹیکس اسسٹنس (VITA) اور ٹیکس کاؤنسلنگ فار ایلڈرلی (TCE) پروگراموں کی نگرانی کی ضروریات فراہم کرنے کے لیے IRS ذمہ دار ہے، جبکہ یہ سائٹیں IRS کے زیر اہتمام شراکت دار چلاتے ہیں جو IRS سائٹ آپریشن کی ضروریات اور رضاکارانہ اخلاقی معیارات کا انتظام کرتے ہیں۔ مزید یہ کہ، ہوسکتا ہے کہ ان سائٹوں کے مقامات وفاقی جائیداد میں یا اس پر نہ ہوں۔

| میں اس سائٹ کا ورچوئل VITA/TCE پروسیس استعمال کرنے سے اتفاق کرتا ہوں | | ☐ ہاں ☐ نہیں | |
|---|---|---|---|
| پرنٹڈ نام | | پرنٹڈ نیم (شریک حیات اگر میریڈ فائلنگ جائنٹ ہو) | |
| تاریخ پیدائش | تاریخ | تاریخ پیدائش | تاریخ |
| ٹیلی فون نمبر | | ٹیلی فون نمبر | |
| ای میل اڈریس | | ای میل اڈریس | |
| دستخط (ایلکٹرونک)<br>**یا** | | دستخط (ایلکٹرونک)<br>**یا** | |
| دستخط (ٹائپ/پرنٹ) | | دستخط (ٹائپ/پرنٹ) | |